© rasailojaraid.com

# الحمد

''وفاق المدارس'' کا پہلا شمارہ چار سال قبل جمادی الثانیہ ۱۴۲۱ھ کو شائع ہوا تھا' اب تک یہ سہ ماہی رہا اور اس کے چودہ شمارے شائع ہو چکے ہیں جن میں وفاق المدارس العربیہ کی تعلیمی سرگرمیوں' مدارس کے سلسلے میں حکومت سے مذاکرات' مجلس عاملہ اور مجلس شوری کے اجلاسوں کی تفصیلات قارئین کے سامنے آتی رہیں۔ وفاق المدارس العربیہ کے دفتر میں محفوظ' اکابر کی غیر مطبوعہ تحریریں اور ان کے سابقہ اجلاسوں کی روئیداد بھی شائع ہوتی رہی۔ نتائج کا اجمالی اور تفصیلی جائزہ بھی آتا رہا' اس طرح ان چودہ شماروں میں وفاق المدارس العربیہ کی چار سالہ کارکردگی کے ساتھ ساتھ سابقہ تاریخ بھی بڑی حد تک محفوظ ہو گئی ہے۔

ادارتی کارکردگی کے علاوہ علمی' تحقیقی مضامین کی اشاعت کا سلسلہ بھی جاری رہا اور الحمدللہ رسالے نے قارئین میں غیر معمولی مقبولیت حاصل کی

**وفاق المدارس دینی رسائل میں سب سے زیادہ کثیر الاشاعت رسالہ ہے**

اب ضرورت محسوس ہوئی کہ اس کو سہ ماہی کے بجائے ''ماہنامہ'' بنا دیا جائے' چنانچہ زیر نظر شمارہ محرم ۱۴۲۵ھ سے بطور ''ماہنامہ'' شائع کیا جا رہا ہے' ہماری کوشش ہوگی کہ ہر ماہ کے پہلے ہفتہ میں رسالہ آپ تک پہنچ جایا کرے۔

ادارہ

© rasailojaraid.com